ادارہ

# مسافرانِ عدم

**مولانا اکرام الحق خیری کو صدمہ:**

کراچی میں ہمارے دیرینہ مہربان حضرت مولانا اکرام الحق خیری کے برادرِ بزرگ گزشتہ دنوں رحلت فرماگئے۔

**عبدالواحد مرحوم:**

مجلس احرار اسلام حاصل پور کے ناظم اور رکن مرکزی مجلس شوریٰ جناب حافظ کفایت اللہ کے جوان سال خالہ زاد بھائی عبدالواحد مرحوم گزشتہ دنوں انتقال کرگئے۔

**جناب عبدالمجید خان کو صدمہ:**

شہلی غربی (حاصل پور) سے ہمارے کرم فرما محترم عبدالمجید خان کی دادی صاحبہ گزشتہ ماہ رحلت فرماگئیں۔

اراکین ادارہ مولانا اکرام الحق خیری، جناب حافظ کفایت اللہ اور جناب عبدالمجید خان سے اور مرحومین کے تمام لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ لواحقین کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین)

قارئین سے درخواست ہے کہ دعاء مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعاء صحت

**شیخ عبدالمجید امرتسری:**

- مجلس احرارِ اسلام کے قدیم کارکن اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے رکن جناب شیخ عبد المجید امرتسری (گوجرانوالہ) ان دنوں شدید علیل ہیں۔
- مجلسِ احرار اسلام کراچی کے نہایت مخلص کارکن اور حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے دیرینہ نیاز مند محترم صوفی مولا بخش صاحب علیل ہیں۔ گزشتہ دنوں ان پر فالج کا حملہ ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے۔ (آمین)
- مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے قدیم کارکن محترم سالار عبدالعزیز صاحب کی اہلیہ محترمہ گزشتہ کئی ماہ سے علیل ہیں احباب ان کی صحت یابی کے لئے دعاء فرمائیں۔
- قارئین سے درخواست ہے کہ ان تمام احباب کی صحت یابی کے لئے خاص طور پر دعاء فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے آمین (ادارہ)